مالٹا میں تعلیمی نظام



4.1: مالٹا جائزہ:

مالٹا بحیرہ روم میں واقع ایک چھوٹا سا نما ملک ہے۔ مالٹا سات جزائر پر مشتمل ہے جن میں سے تین بڑے جزائر آباد ہیں۔ ملک کا دارالحکومت ویلیٹا شہر ہے۔

ملک کی سرکاری زبانیں مالٹیز اور انگریزی ہیں۔ مالٹا نے 1964 میں آزادی حاصل کی اور تب سے اقوام متحدہ اور دولت مشترکہ کا رکن ہے۔ 2004ء میں مالٹا یورپی یونین میں شامل ہوگیا۔

دیگر مغربی ممالک کی طرح مالٹا میں بھی خاص طور پر گزشتہ برسوں میں نقل مکانی میں اضافہ ہوا ہے۔ معاشی تارکین وطن جو کام کرنے اور بہتر اجرت حاصل کرنے کے لئے مالٹا آتے ہیں۔ جنگوں اور/یا ظلم و ستم سے فرار ہونے والے مہاجرین اور پناہ کے متلاشی مالٹا پہنچتے ہیں۔

4.2: مالٹا میں تعلیم کے خواہاں تارکین وطن طلبا کے لیے کون سے معاون ڈھانچے موجود ہیں

مائیگرنٹ لرنرز یونٹ کے قیام سے تارکین وطن کے پس منظر سے تعلق رکھنے والے بچوں کے لئے مدد کی فراہمی کو مستحکم کیا ہے۔ نافذ کردہ پروگرام مالٹیز اور انگریزی زبان کے سیکھنے پر مرکوز ہے جو مالٹا میں اسکول کی تعلیم کی زبانیں ہیں۔ دیگر تعلیمی مضامین کو کونٹینٹ اینڈ لینگویج انٹیگریٹڈ لرننگ (سی ایل آئی ایل) یعنی مواد اور مربوط زبان سیکھنے کے نقطہ نظر کو اپنانے کی تعلیم دی جاتی ہے۔ یہ پروگرام لسانی اور سماجی ثقافتی اہلیتوں کے حصول پر توجہ دیتے ہوئے ہر سیکھنے والے کی فلاح و بہبود پر مرکوز ہے جو ایک جامع تعلیمی تجربہ پیش کرتا ہے۔ یہ پروگرام مالٹا اور گوزو کے 28 اسکولوں میں پیش کیا جاتا ہے۔ ناشار انڈکشن ہب - سیکینڈری سیکشن میں سیکنڈری اسکول کے عمر کے طلبہ کے لئے بھی ایک انتظام موجود ہے۔ سیکھنے والوں کا سال بھر باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا ہے۔ انڈکشن سال کے اختتام پر سیکھنے والے کے لئے مرکزی تعلیمی نظام میں داخل ہونے کے لئے منتقلی کا عمل نافذ کیا جاتا ہے۔

4.3- مالٹیز تعلیمی نظام کس طرح منظم ہے؟

مندرجہ ذیل ڈایاگرام مالٹا میں ایک کالج کے سیٹ اپ کی وضاحت کرتا ہے۔



آپ یہاں کلک کرکے مالٹا میں تعلیم کے بارے مزید جان سکتے ہیں۔

4.4- مالٹا میں اسکول کی لازمی عمر کیا ہے؟

مالٹا میں تعلیم 5 سے 16 سال کی عمر کے درمیان لازمی ہے۔ کنڈرگارٹن 3 سے 4 سال تک کی عمر کے بچوں کے لئے ہے، پرائمری اسکولنگ 5 سے 10 سال تک جبکہ مڈل اور سیکنڈری اسکولنگ 11 سے 16 سال کی عمر پر محیط ہے۔

3- وزارت تعلیم کے دفتر فلوریانا یا مقامی اسکول میں اپنے بچے کا اندراج کرتے وقت مجھے کون سی دستاویزات پیش کرنے کی ضرورت ہوگی؟

آپ کو پیش کرنے کی ضرورت ہوگی:

- آپ کے بچے کی پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی اصل (اوریجنل) کاپی؛
- اگر اصل (اوریجنل) کاپی انگریزی میں نہیں ہے تو پیدائش کے سرٹیفکیٹ کا اصل ترجمہ؛
- پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی تصدیق کے مطابق بچے کے والد/ والدہ /والدین کے پاسپورٹ / شناختی کارڈ؛
- اگر بچے کے ساتھ والدین دونوں نہ ہوں تو بچے کی سرپرستی/ تحویل کی نشاندہی کرنے والی قانونی دستاویز کی اصل (اوریجنل) کاپی ؛
- ایک دستاویز جس میں مالٹا میں رہائش کا ثبوت دکھایا گیا ہو۔ مثال کے طور پر کرایہ کی ادائیگی کی رسید، یا آپ کے نام پر ٹیلی فون بل وغیرہ ۔

اسکول پوچھے گا کہ کیا آپ کے پاس اپنے بچے کی ماضی کی اسکول کی تعلیم کا کوئی ریکارڈ ہے۔

اسکول آپ سے آپ کے بچے کی میڈیکل ہسٹری کے بارے میں بھی پوچھے گا (جیسا کہ الرجی یا فٹس یعنی جھٹکے لگنے کی حساسیت وغیرہ)۔ یہ آپ کے بچے کے مفاد میں ہے کہ آپ اسکول کو ایسی صورت حال سے آگاہ کریں۔

ضروری اور/یا تکنیکی دستاویزات کو قانونی تصدیق کے ساتھ انگریزی یا مالٹیز میں ترجمہ کرنے کی ضرورت ہوگی۔

4.5- کلاس روم میں کون سی زبان استعمال کی جاتی ہے؟

سکولوں کی اپنی زبان کی پالیسی ہے۔ آپ متعلقہ اسکول کی پالیسی کے بارے جاننے کے لئے ہر اسکول کی ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ یا مطعلقہ اسکول سے رابطہ کریں۔

مالٹا میں قیام کی مدت سے قطع نظر مالٹیز اسٹیٹ اسکولوں میں مالٹیز اور انگریزی زبانیں سیکھنے سے کوئی بھی طالب علم مستثنیٰ نہیں ہے۔

4.6- اگر میرا بچہ مالٹیز یا انگریزی زبان میں بات چیت نہیں کر سکتا تو کیا ہوتا ہے؟

اگر اس امر کا پتہ چل جائے کہ بچہ مرکزی دھارے کے کلاس روم میں نہیں چل سکے گا تو آپ کے بچے کو انڈکشن کورس میں داخل کیا جائے گا۔ زبان کا ایک سادہ جائزہ لیا جائے گا اور فیصلہ اس تشخیص کے نتائج پر مبنی ہوگا۔

انڈکشن پروگرام عام طور پر ایک تعلیمی سال تک چلتا ہے اور طالب علم کو اعتماد محسوس کرنے اور انگریزی اور مالٹیز دونوں زبانوں میں بات چیت کرنے کے قابل بنانے کے لئے تیار کرتا ہے۔

انڈکشن کے لئے پروگرام ایک اسکول کا بنیادی نصاب ہے جس میں ریاضی، آرٹ، دستکاری اور یقینا مالٹیز اور انگریزی شامل ہیں۔ ان دونوں زبانوں کو سیکھنے پر زور دیا جاتا ہے۔

دستبرداری: یہ معلومات مائیگرنٹ لرنرز یونٹ وزارت تعلیم کی ویب سائٹ سے حاصل کی گئی ہیں۔ (https://migrantlearnersunit.gov.mt)